Teachingninja.in

Latest Govt Job updates

Private Job updates

Free Mock tests available

Visit - teachingninja.in

# Kerala SET

## Previous Year Paper
### (Urdu)
### 22 Jan, 2024

Teachingninja.in

# A

24134 120 Minutes

1۔ ''دوآبہ گنگ وجمن'' کواردو کا مسکن کس ماہرلسانیات نے قرار دیا تھا؟

(A) سید سلیمان ندوی (B) محمود شیرانی

(C) شوکت سبزواری (D) نصیرالدین ہاشمی

2۔ آریوں کی زبان کیا تھی؟

(A) بھوج پوری (B) سنسکرت

(C) برج بھاشا (D) کھڑی بولی

3۔ عوام کی زبان جو تھوڑے تھوڑے فرق اور الگ الگ رسم الخط کے ساتھ مختلف علاقوں میں رائج تھی۔۔۔۔ کہلائی۔

(A) پراکرت (B) ریختہ

(C) پشتو (D) مغربی ہندی

4۔ کس بادشاہ نے اپنے حکم سے دلّی کی کل آبادی کو دولت آباد منتقل کیا تھا؟

(A) محمود غزنوی (B) بہادر شاہ ظفر

(C) قطب الدین ایبک (D) محمد شاہ تغلق

Teachingninja.in

5۔نظامی بیدری کا تعلق دکن کے کس دور حکومت سے تھا؟

(A)عادل شاہی (B)بہمنی

(C)قطب شاہی (D)عماد شاہ

6۔'کلمتہ الحقائق' کس کی تصنیف ہے؟

(A)برہان الدین جانم (B)میراں جی شمس العشاق

(C)امین الدین اعلی (D)امیر خسرو

7۔دکن کا وہ شاعر جس نے اردو کے علاوہ تلگو زبان میں بھی شعر کہے تھے؟

(A)ابراہیم عادل شاہ (B)غواصی

(C)محمد قلی قطب شاہ (D)ابن نشاطی

8۔شاعری میں بہادر شاہ ظفر کے کل کتنے دیوان ہیں؟

(A)چار (B)پانچ

(C)چھے (D)ساتھ

9۔مثنوی 'کدم راؤ پدم راؤ' میں جوگی کا نام کیا ہے؟

(A)پریم ناتھ (B)اکھر ناتھ

(C)وشوناتھ (D)سریندر ناتھ

Teachingninja.in

10۔ان میں سے کون ماہر لسانیات نہیں ہے؟

(A)شوکت سبزواری (B)مسعود حسین خان

(C)محمود شیرانی (D)رجب علی بیگ سرور

11۔صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجئے:

(A)محمد حسین آزاد ۔ دکن میں اردو

(B)نصیرالدین ہاشمی ۔ تاریخ زبان اردو

(C)مسعود حسین خان ۔ آب حیات

(D)شوکت سبزواری ۔ اردو لسانیات

12۔مثنوی 'گلشن عشق' کی ہیروئن کا نام کیا ہے؟

(A)بھاگ متی (B)مدمالتی

(C)بدر منیر (D)مشتری

13۔کس مثنوی کو دکنی زبان کا شاہنامہ قرار دیا جاتا ہے؟

(A) کدم راؤ پدم راؤ (B)پھول بن

(C)علی نامہ (D)سیف الملوک و بدیع الجمال

Teachingninja.in

14۔مثنوی 'طوطی نامہ' کس کی تخلیق ہے؟

(A)غواصی (B)ابراہیم عادل شاہ ثانی

(C)ابن نشاطی (D)رستمی

15۔سراپا اور رجز کس صنف شاعری کے اجزا ہیں؟

(A)مثنوی (B)قصیدہ

(C)مرثیہ (D)غزل

16۔ان میں سے کونسا جز وقصیدہ کا نہیں ہے؟

(A)دعا (B)گریز

(C)بین (D)تشبیب

17۔دکن کی کس مثنوی میں سمن بر اور ہمایون فال اور گل وبلبل کا قصہ بیان کیا گیا ہے؟

(A)قاور نامہ (B)پھول بن

(C)علی نامہ (D)گلشن عشق

18۔مثنوی 'خاور نامہ' کا موضوع کیا ہے؟

(A)مسلم معاشرے کے عروج وزوال کی داستانیں (B)حسن وعشق کی داستانیں

(C)حضرت علی کے جنگی کارناموں کی خیالی داستانیں (D)صلیبی جنگوں کے واقعات

Teachingninja.in

19۔ 'سحر البیان' کا سب سے فعال اور متحرک کردار کونسا ہے؟

(A) نجم النسا
(B) بے نظیر
(C) بدر منیر
(D) فیروز شاہ

20۔ رہے گا جہاں میں میرا اس سے نام

کہ ہے یادگار جہاں یہ کلام

کس شاعر نے اپنی مثنوی سے متعلق یہ فخریہ شعر کہا تھا؟

(A) دیا شنکر نسیم
(B) نصرتی
(C) مرزا شوق لکھنوی
(D) میر حسن

21۔ کس ادیب نے گل بکاولی کی مشہور داستان عشق کو دیا شنکر نسیم سے پہلے اردو نثر میں منتقل کیا تھا؟

(A) میر بہادر علی حسینی
(B) میر شیر علی افسوس
(C) نہال چند لاہوری
(D) سید حیدر بخش حیدری

22۔ محمد قلی قطب شاہ کے بعد دکن کے کس شاعر نے اپنے کلام میں زیادہ تخلص استعمال کیے تھے؟

(A) غواصی
(B) نصرتی
(C) رستمی
(D) ابن نشاطی

Teachingninja.in

23۔مثنوی سیف الملوک و بدیع الجمال میں بادشاہ عاصم نول نے اپنے بیٹے سیف الملوک کو کیا تحفے دیے؟

(A)صندوق اور ٹوپی (B)گھوڑا اور ڈھال

(C)سونے کے سکّے اور تلوار (D)انگشتری اور زرین کپڑا

24۔سیف الملوک کو بدیع الجمال کا پتہ کس نے دیا تھا؟

(A)دیو (B)شہزادی

(C)وزیر (D)دربان

25۔نواب مرزا شوق لکھنوی کی زہر عشق کے علاوہ ان کی دو اور مثنویوں کے نام کیا ہیں؟

(A)بہار عشق اور فریب عشق (B)جمال عشق اور ساغر عشق

(C)دریائے عشق اور انوار عشق (D)صدائے عشق اور دربار عشق

26۔مثنوی 'زہر عشق' کی ہیروئن مہ جبین کس کی بیٹی ہے؟

(A)وزیر (B)باشاہ

(C)سوداگر (D)فوجی افسر

27۔مرثیہ غالبؔ کے اس شعر کو صحیح لفظ لگا کر مکمل کیجیے۔

---------۔مر گیا ہیہات

جس کی تھی بات بات میں اک بات

(A)دلبر ہند (B)داور ہند

(C)رہبر ہند (D)بلبل ہند

28۔ابراہیم عادل شاہ ثانی کی کتاب 'نورس' کا موضوع کیا ہے؟

(A)حسن وعشق کی داستان (B)صوفیانہ مسائل کا بیان

(C)راگ راگنیوں پر مشتمل گیت (D)طبقاتی کشمکش

29۔'مرثیہ داغ' کس کی تخلیق ہے؟

(A)اقبال (B)حالی

(C)غالب (D)جوش

30۔ولی اورنگ آبادی کو شاعری میں فارسی الفاظ کے استعمال کا مشورہ کس نے دیا تھا؟

(A)مظہر جان جاناں (B)سعد اللہ گلشن

(C)شاہ حاتم (D)خان آرزو

31۔مرزا دبیر کا انتقال کب اور کہاں ہوا؟

(A) 1870۔الہ آباد (B) 1872۔دہلی

(C) 1874۔میرٹھ (D) 1875۔لکھنو

32۔ اگرچہ گوشہ گزیں ہوں میں شاعروں میں میر

یہ میرے شعر نے روئے زمیں تھام لیا

میرؔ کے اس شعر میں 'روئے زمیں تھام لیا' سے کیا مراد ہے؟

(A)شہرت پانا (B)زمین پر گرنا

(C)بدنام ہونا (D)کسی کا ہاتھ تھامنا

Teachingninja.in

33۔ میرؔ تقی میرؔ کے دواوین کی تعداد کتنی ہے؟

(A) پانچ (B) چھے

(C) آٹھ (D) دس

34۔ پہچانئے یہ شعر کس کا ہے؟

جسے عشق کا تیر کاری لگے

اسے زندگی کیوں بھاری لگے

(A) میر تقی میرؔ (B) سوداؔ

(C) ولی دکنی (D) مومنؔ

35۔ کس شاعر نے کثرت سے صوفیانہ تصورات اور اصطلاحات کو اپنی شاعری میں استعمال کیا ہے؟

(A) میر درد (B) میر تقی میر

(C) مرزا محمد رفیع سودا (D) مولانا حالیؔ

36۔ تردامنی پہ شیخ ہماری نہ جائیو

دامن نچوڑ دیں تو فرشتے وضو کریں

یہ شعر کس کا ہے؟

(A) میر درد (B) سودا

(C) ذوق (D) غالب

Teachingninja.in

37۔کس شاعر نے غزل اور رباعی کے علاوہ کوئی قصیدہ اور ہجو نہیں لکھی؟

(A)غالب (B)سودا

(C)میر تقی میر (D)خواجہ میر درد

38۔ان میں سے غالبؔ کی تصانیف کی نشاندہی کیجئے۔

(A)کربل کتھا اور گلستان عشق (B)نوطرز مرصع اور گلشن بہار

(C)دستنبو اور قاطع برہان (D)گل مغفرت اور باغ اردو

39۔ذوقؔ کا اصل نام کیا ہے؟

(A)شیخ محمد اسماعیل (B)شیخ محمد احسان

(C)شیخ محمد نظیر (D)شیخ محمد ابراہیم

40۔ آسان کہنے کی کرتے ہیں فرمائش

گویم مشکل وگرنہ گویم مشکل

اس شعر میں کونسی صنعت استعمال ہوئی ہے؟

(A)صنعت تلمیع (B)صنعت سیاقتہ الاعداد

(C)صنعت تجنیس (D)صنعت مراتۃ النظیر

Teachingninja.in

41۔میر ببر علی انیسؔ کے والد کا نام کیا ہے؟

(A)میر ضاحک
(B)میر مستحسن خلیق
(C)میر حسن
(D)میر مونس

42۔ذوقؔ کی سال ولادت اور سال وفات کی نشاندہی کیجئے۔

(A) 1788 - 1854
(B) 1785 - 1856
(C) 1789 - 1857
(D) 1790 - 1859

43۔ملک الشعرا خاقانی ہند کس شاعر کا خطاب ہے؟

(A)میر حسن
(B)میر درد
(C)ذوق
(D)سودا

44۔بہادر شاہ ظفرؔ کا تاریخی نام کیا ہے؟

(A)ابوظفر
(B)بہادر شاہ
(C)سراج الدین محمد
(D)شاہ عالم

45۔ میری ملت ہے محبت میرا مذہب عشق ہے
خواہ ہوں میں کافروں میں خواہ دین داروں میں ہوں

یہ شعر کس کا ہے؟

(A)درد
(B)مرزا شوق
(C)بہادر شاہ ظفر
(D)مولانا حالی

Teachingninja.in

46۔مومن خان مومن کا خاندانی پیشہ کیا تھا؟

(A)تجارت (B)سپہ گری

(C)امامت (D)طب

47۔ صحیح مصرع لگا کر شعر مکمل کیجئے۔

تم مرے پاس ہوتے ہو گویا

----------------

(A)ورنہ دنیا میں کیا نہیں ہوتا (B)ہاتھ دل سے جدا نہیں ہوتا

(C)جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا (D)صنم آخر خدا نہیں ہوتا

48۔ یہ مشہور زمانہ شعر کس کا ہے؟

تم نے کیا نہ یاد کبھی بھول کر ہمیں

ہم نے تمہاری یاد میں سب کچھ بھلا دیا

(A)ذوق (B)فراق

(C)بہادر شاہ ظفر (D)جگر

49۔کس شاعر کے کلام میں انگریزی الفاظ کا کثرت سے استعمال ہوا ہے؟

(A)حالی (B)اکبرالہ آبادی

(C)نظیر اکبرآبادی (D)اصغر گونڈوی

Teachingninja.in

50۔'شعلہ طور' اور 'آتش گل' کس کے شعری مجموعے ہیں؟

(A)تلوک چند محروم (B)چکبست

(C)حسرت موہانی (D)جگر مرادآبادی

51۔ان میں سے کونسا مجموعہ فراق گورکھپوری کا نہیں ہے؟

(A)ماورا (B)روح کائنات

(C)روپ (D)نغمہ گل

52۔ان میں سے شاعر انقلاب اور شاعر فطرت کی نشاندہی کیجئے۔

(A)فانی (B)ساحر لدھیناوی

(C)جوش (D)اسماعیل میرٹھی

53۔فانیؔ بدایونی کا اصل نام کیا ہے؟

(A)عظمت علی خان (B)اکبر علی خان

(C)اصغر علی خان (D)شوکت علی خان

54۔ایسی نظم جس کے ہر بند میں چار مصرے ہوں کیا کہلاتی ہے؟

(A)مربع (B)مسدس

(C)مخمس (D)مثلث

Teachingninja.in

55۔ہائیکو کس زبان کی صنف سخن ہے؟

(A) پنجابی (B) جاپانی

(C) سندھی (D) فرانسیسی

56۔سراپا رنج وغم، یاس وناامیدی اور آہ وفغاں کی کیفیات بیشتر کس شاعر کے کلام میں ملتی ہیں؟

(A) چکبست (B) فانی بدایونی

(C) جاں نثار اختر (D) سردار جعفری

57۔سانیٹ میں کل کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

(A) چودہ (B) بارہ

(C) دس (D) آٹھ

58۔ماہیا کس زبان کی مقبول صنف ہے اور اس میں کتنے مصرع ہوتے ہیں؟

(A) فارسی۔ چھے مصرعے (B) پنجابی۔ تین مصرعے

(C) ہندی۔ آٹھ مصرعے (D) کشمیری۔ چار مصرعے

59۔وہ صنف جو دو ہم قافیہ مصرعوں پر مشتمل ہوتی ہے اور جس کے ہر مصرعے میں چوبیس ماترائیں ہوتی ہیں کیا کہلاتی ہے؟

(A) قطعہ (B) تضمین

(C) مستزاد (D) دوہا

Teachingninja.in

60۔تلوک چند محروم کی نظموں میں حب الوطنی اور قومیت کے علاوہ ۔۔۔۔کا عنصر بھی نمایاں ہے۔

(A) صوفیانہ خیالات
(B) فرقہ واریت
(C) مناظر قدرت
(D) طنز و مزاح

61۔اردو کے عناصر خمسہ میں شامل اہل قلم کے صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیئے۔

(A) غالب۔سودا۔سرسید۔شبلی۔حالی
(B) سرسید۔حالی۔محمد حسین آزاد۔شبلی۔ڈپٹی نذیر احمد
(C) میرا۔سودا۔غالب۔شبلی۔اقبال
(D) سودا۔میر۔سرسید۔شبلی۔حالی

62۔سرسید کی تصنیف 'آثار الصنادید' کا موضوع کیا ہے؟

(A) دہلی کی تاریخی عمارتوں کا بیان
(B) جنگ آزادی کے واقعات
(C) شعرائے دہلی کا تذکرہ
(D) علی گڑھ تحریک کے اسباب

63۔'تہذیب الاخلاق' کا پہلا پرچہ کس سنہ میں جاری ہوا؟

(A) 1870
(B) 1873
(C) 1875
(D) 1877

64۔''مسدس حالی کو میں اپنے اعمال حسنہ میں سے سمجھتا ہوں جب خدا پوچھے گا تو کیا لایا ہے، میں کہوں گا حالی سے مسدس لکھوا لایا ہوں''۔
یہ قول کس کا ہے؟

(A) میر امن
(B) محمد حسین آزاد
(C) سرسید
(D) میر حسن

Teachingninja.in

65۔'یادگارِ غالب' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(A)غالب (B)مولانا شبلی

(C)مولانا آزاد (D)مولانا حالی

66۔'مناجات بیوہ' اور 'چپ کی داد' کس کی تخلیق ہیں؟

(A)مولانا آزاد (B)اسماعیل میرٹھی

(C)مولانا حالی (D)اکبرالہ آبادی

67۔ان میں سے محمد حسین آزاد کی تصانیف کی نشاندہی کیجیے۔

(A)تاریخ سرکش ضلع بجنور اور کلمۃ الحق (B)نیرنگ خیال اور دربار اکبری

(C)توزک جہانگیری اور آئین اکبری (D)تاریخ فیروزشاہی اور اسباب بغاوت ہند

68۔کن شعرا نے اردو مرثیہ کو پہلی بار مسدس کی ہیئت میں پیش کیا تھا؟

(A)غالب و مومن (B)آتش و ناسخ

(C)میر و سودا (D)میر انیس و مرزا دبیر

69۔میر ببر علی انیسؔ اپنا تخلص انیس اختیار کرنے سے قبل کونسا تخلص استعمال کرتے تھے؟

(A)حزیں (B)محزوں

(C)افزوں (D)ممنوں

Teachingninja.in

70۔ذیل میں ایک دعویٰ اور ایک دلیل دی گئی ہے اسے غور سے پڑھئے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔

دعویٰ : میر انیس کا دعویٰ ہے کہ اک پھول کا مضمون ہو تو سو رنگ سے باندھوں

دلیل : کیوں کہ انھیں شاعری کا ذوق پانچ پشتوں سے ورثہ میں ملا تھا

(A) دعویٰ غلط ہے اور دلیل بھی غلط
(B) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل غلط
(C) دعویٰ غلط ہے اور دلیل صحیح
(D) دعویٰ بھی صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح

71۔مرزا دبیر کا اصل نام کیا ہے؟

(A) مرزا شجاعت علی
(B) مرزا جعفر علی
(C) مرزا صفدر علی
(D) مرزا سلامت علی

72۔نظیر اکبرآبادی کب اور کہاں پیدا ہوئے اور کب اور کہاں وفات پائی؟

(A) 1735 دہلی اور 1830 آگرہ
(B) 1737 اکبرآباد اور 1832 لکھنو
(C) 1739 الہ آباد اور 1834 دہلی
(D) 1740 پنجاب اور 1835 حیدرآباد

73۔اس شاعر کی نشاندہی کیجئے جس نے میلے ٹھیلوں اور تہواروں میں بلا تفریق مذہب و ملت حصہ لیا۔

(A) اقبال
(B) نظیر اکبرآبادی
(C) اکبر الہ آبادی
(D) اسماعیل میرٹھی

Teachingninja.in

74۔زمانی اعتبار سے شعرا کے صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے۔

(A) آزاد۔غالب۔نظیر اکبرآبادی۔ذوق۔مومن۔حالی

(B)مومن۔حالی۔آزاد،۔نظیر۔غالب۔ذوق

(C)نظیر۔ذوق۔غالب۔مومن۔آزاد۔حالی

(D)غالب۔مومن۔حالی۔آزاد۔ذوق۔نظیر

75۔باغ و بہار کے علاوہ میر امن کی ایک اور تصنیف کا نام کیا ہے؟

(A) گنج خوبی

(B)اخلاق محسنہ

(C)نوطرز مرصع

(D)الف لیلہ

76۔باغ و بہار میں پہلا درویش کس کا بیٹا ہے؟

(A)جاگیردار

(B)ملک التجار

(C)وزیر

(D)باشاہ

77۔'باغ اردو' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(A)مرزا علی لطف

(B)للولال جی

(C)حیدر بخش حیدری

(D)میر شیر علی افسوس

Teachingninja.in

78۔ان میں سے کونسی تصنیف حیدر بخش حیدری کی نہیں ہے؟

(A) آرائش محفل
(B) نثر بے نظیر
(C) طوطا کہانی
(D) ہفت پیکر

79۔تذکرہ گلشن ہند کس کی تصنیف ہے؟

(A) مرزا علی لطف
(B) شیر علی افسوس
(C) میر امن
(D) میر تقی میر

80۔فسانہ عجائب کا شہزادہ شاہ عالم کس حسینہ کی تلاش میں نکلتا ہے؟

(A) انجمن آرا
(B) بدر منیر
(C) نجم النسا
(D) مہر نگار

81۔شہپال جادوگر اور ملکہ مہر نگار کس داستان کے کردار ہیں؟

(A) باغ و بہار
(B) طلسم حیرت
(C) فسانہ عجائب
(D) آرائش محفل

Teachingninja.in

82۔ذیل میں ایک دعویٰ اور ایک دلیل دی گئی ہے اسے غور سے پڑھئے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔

دعویٰ : کہتے ہیں کہ غالب کا ہے انداز بیان اور

دلیل : کیوں کہ ان کے کلام میں صرف فارسی الفاظ کی بھرمار ہوتی ہے

(A)دعویٰ صحیح ہے اور دلیل غلط (B)دعویٰ غلط ہے اور دلیل صحیح

(C)دعویٰ بھی غلط ہے اور دلیل بھی غلط (D)دعویٰ بھی صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح

83۔میراں جی اور ن۔م راشد کا تعلق کس ادبی تحریک سے ہے؟

(A)ترقی پسند (B)علی گڑھ تحریک

(C)جدیدیت (D)حلقہ ارباب ذوق

84۔حالی نے شاعری کے لیے جو تین شرطیں بتائی ہیں ان کی صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجئے۔

(A) کائنات کا مطالعہ۔تخیل۔تفحص الفاظ (B)تحفص الفاظ۔کائنات کا مطالعہ۔تخیل

(C)تخیل۔کائنات کا مطالعہ۔تفحص الفاظ (D)تخیل۔تفحص الفاظ۔کائنات کا مطالعہ

85۔ فکر انساں پر تری ہستی سے یہ روشن ہوا

ہے پرِ مرغ تخیل کی رسائی تا کجا

غالب کی مدح میں یہ شعر کس شاعر نے کہا تھا؟

(A)اقبال (B)داغ

(C)حالی (D)فیض

Teachingninja.in

86۔ مصنفین اور کتابوں کے اعتبار سے صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجئے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔حیدر بخش حیدری | - | I | سب رس |
| 2۔حبیب تنویر | - | II | ضحاک |
| 3۔محمد حسن | - | III | آرائش محفل |
| 4۔ملا وجہی | - | IV | آگرہ بازار |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| A- | 1-IV | 2-I | 3-II | 4-III |
| B- | 1-II | 2-III | 3-IV | 4-I |
| C- | 1-III | 2-IV | 3-II | 4-I |
| D- | 1-II | 2-IV | 3-I | 4-III |

87۔'ایک وصیت کی تعمیل میں' کس ادیب کا خاکہ پیش کیا گیا ہے۔

(A) ڈپٹی نذیر احمد
(B) مولوی وحید الدین سلیم
(C) اکبر الہ آبادی
(D) نظیر اکبر آبادی

88۔اردو میں خاکہ نگاری کی باقاعدہ بنیاد کس نے ڈالی؟

(A) مولوی عبدالحق
(B) مشتاق احمد یوسفی
(C) خواجہ احمد فاروقی
(D) مرزا فرحت اللہ بیگ

89۔شاعر اطفال کی حیثیت سے کس شاعر کو مقبولیت حاصل ہوئی؟

(A) اسماعیل میرٹھی
(B) اقبال
(C) حسرت موہانی
(D) اصغر گونڈوی

Teachingninja.in

90۔مولانا ابوالکلام آزاد کا تاریخی نام کیا ہے؟

(A) محی الدین احمد
(B) ابوالکلام
(C) آزاد
(D) فیروز بخت

91۔مرزا ظاہر دار بیگ ڈپٹی نذیر احمد کے کس ناول کا کردار ہے؟

(A) توبۃ النصوح
(B) ابن الوقت
(C) مراۃ العروس
(D) رویائے صادقہ

92۔'فسانہ آزاد' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(A) محمد حسین آزاد
(B) ابوالکلام آزاد
(C) رتن ناتھ سرشار
(D) عبدالحلیم شرر

93۔کس ناول نگار نے اپنے ناولوں کے ذریعے اسلامی شان وشوکت کے قصے سنائے اور مسلمانوں کو اپنے بزرگوں کے کارناموں پر فخر کرنے کا موقع دیا؟

(A) سرشار
(B) عبدالحلیم شرر
(C) قرۃ العین حیدر
(D) پریم چند

94۔افسانہ 'لاجونتی' کا موضوع کیا ہے؟

(A) شوہر و خاندان سے بچھڑنی والی عورتوں کی روداد
(B) اشرافیہ طبقے کی عورتوں کے مسائل
(C) مزدور خواتین کے مسائل
(D) تحریک اصلاح خواتین

95۔'اندو'اور'مدن' کس افسانے کے کردار ہیں؟

(A) گرہن
(B) بھولا
(C) دانہ ودام
(D) اپنے دکھ مجھے دے دو

96۔ان میں سے راجندر سنگھ بیدی کے افسانوں کے مجموعے کی نشاندہی کیجئے۔

(A) کوکھ جلی
(B) سیاہ حاشیے
(C) ہم وحشی ہیں
(D) ان داتا

97۔صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجئے۔

(A) خواجہ احمد عباس ۔ میں کون ہوں
(B) منٹو ۔ شکستہ کنگورے
(C) حیات اللہ انصاری ۔ موزیل
(D) پریم چند ۔ نیا قانون

98۔'خاکم بدہن' اور 'چراغ تلے' کس کی تصانیف ہیں؟

(A) رشید احمد صدیقی
(B) پطرس بخاری
(C) مشتاق احمد یوسفی
(D) ملا رموزی

99۔ڈامہ 'خانہ جنگی' کا موضوع کیا ہے؟

(A) تقسیم ہند کے واقعات
(B) مغل شہنشاہوں کے درمیان نظریاتی کشمکش
(C) سلیم اور انارکلی کی داستان عشق
(D) لکھنو معاشرے کا زوال

100۔مشتاق احمد یوسفی کی تصنیف کی نشاندہی کیجئے۔

(A)شام شعر یاراں (B)مرحوم کی یاد میں

(C)آشفتہ بیانی میری (D)خنداں

101۔ملا رموزی کا اصل نام کیا ہے؟

(A)حسین صدیقی (B)محمد صدیق

(C)ارشاد اعظمی (D)محمد ارشاد

102۔پطرس بخاری کی وفات کس سنہ میں اور کہاں ہوئی؟

(A) 1955۔لاہور (B) 1956۔لندن

(C) 1957۔کراچی (D) 1958۔نیویارک

103۔'غبار خاطر' کیا ہے؟

(A)مقالہ (B)سفرنامہ

(C)خطوط (D)مضمون

104۔ڈراما 'رستم وسہراب' میں سہراب کی ماں کا نام کیا ہے؟

(A)تہمینہ (B)عائشہ

(C)گردآفرید (D)شہربانو

105۔ 'شعر شور انگیز' اور 'افسانے کی حمایت میں' کس نقاد کی کتابیں ہیں؟

(A) شمس الرحمن فاروقی (B) کلیم الدین احمد

(C) احتشام حسین (D) مجنوں گورکھ پوری

106۔ آل احمد سرور کی تصانیف کی نشاندہی کیجئے۔

(A) 'نئے اور پرانے چراغ'۔ مسرت سے بصیرت تک (B) 'ادب اور شعور'۔ 'تنقیدی مسائل'

(C) 'نیا افسانہ'۔ 'فن اور فنکار' (D) 'روایت اور بغاوت'۔ 'ادب اور سماج'

107۔ 'عکس اور آئینے'، 'اعتبار نظر' اور 'روایت اور بغاوت' کس نقاد کی تصانیف ہیں؟

(A) مجنوں گورکھ پوری (B) احتشام حسین

(C) کلیم الدین احمد (D) شبلی

108۔ اردو تنقید میں ایک بت شکن کی حیثیت سے کون مشہور ہیں؟

(A) مولانا حالی (B) مولانا شبلی

(C) آل احمد سرور (D) کلیم الدین احمد

109۔ مولانا شبلی کے نزدیک وہ دو چیزیں کونسی ہیں جو شاعری کے لیے ضروری ہیں؟

(A) طرز بیان اور حسن آفرینی (B) محاکات اور تخیل

(C) سادگی اور جوش (D) وسیع مطالعہ اور حسن بیان

Teachingninja.in

110۔افسانہ 'نمک کا داروغہ' میں پنڈت الوپی دین کا منصب اور پیشہ کیا ہے؟

(A)دولت مند زمیندار اور بارسوخ آدمی (B)فوجی افسر

(C)ہیروں کا تاجر (D)جمعدار

111۔رئیس المتغزلین کس شاعر کا خطاب ہے؟

(A)ساحر لدھیانوی (B)سردار جعفری

(C)جگر مرادآبادی (D)جوش ملیح آبادی

112۔یہ مشہور زمانہ شعر کس کا ہے؟

یہ عشق نہیں آساں اتنا ہی سمجھ لیجئے
اک آگ کا دریا ہے اور ڈوب کے جانا ہے

(A)حالی (B)اقبال

(C)فیض (D)جگر

113۔ن۔م راشد کے شعری مجموعوں کی نشاندہی کیجئے۔

(A)ماورا اور گمان کا ممکن (B)یادیں اور بنت لمحات

(C)محتاج حسینہ اور مزدور کی لاش (D)بدلی کا چاند اور البیلی صبح

Teachingninja.in

114۔لفظ 'شفقت' کی جمع کیا ہے؟

(A)شفیق　(B)اشفاق

(C)شفاقت　(D)شوقیت

115۔ان میں سے ضمیر متکلم واحد اور جمع کی نشاندہی کیجئے۔

(A)میں اور ہم　(B)تیرا اور تمہارا

(C)وہ اور اس کا　(D)تجھے اور تمہیں

116۔صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجئے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔احمد آیا | ۔ | I | فعل ناقص |
| 2۔اکبر نے خط لکھا | ۔ | II | فعل مجہول |
| 3۔امین بیمار ہے | ۔ | III | فعل متعدی |
| 4۔شیر مارا گیا | ۔ | IV | فعل لازم |

(A)۔iv-1　iii-2　i-3　ii-4

(B)۔ii-1　iii-2　i-3　iv-4

(C)۔iii-1　iv-2　i-3　ii-4

(D)۔ii-1　iv-2　i-3　iii-4

117۔عرف(Alias) کی صحیح تعریف کیا ہے؟

(A)۔وہ نام جو حکومت یا قوم کی طرف سے کسی شخص کو دیا جاتا ہے

(B)۔وہ نام جو آدمی کے کسی وصف یا صفت کی وجہ سے مشہور ہو جائے

(C)۔وہ نام جو محبت یا عقیدت کی وجہ سے لوگوں میں مشہور ہو جائے

(D)۔وہ نام جو ماں باپ کے نام کی نسبت سے پکارا جائے

118۔لفظ 'معارف' کا واحد کیا ہے؟

(A)معروف (B)معرفاء

(C)معرف (D)معرفت

119۔وہ حروف جو رنج و تاسف، تحسین و آفرین اور جوش و تعجب میں بے تحاشا زبان سے نکل جاتے ہیں۔۔۔کہلاتے ہیں؟

(A)حروف تخصیص (B)حروف عطف

(C)حرف فجائیہ (D)حروف ربط

120۔فیض احمد فیض کا پہلا شعری مجموعہ کونسا ہے؟

(A)دست صبا (B)غبار ایام

(C)زنداں نامہ (D)نقش فریادی

Teachingninja.in